حیسکو پریس رلیز مورخہ :13.12.2021

سب سے پہلے عوام۔ حیسکو کے تمام ملازمین پر لازم ہے کہ وہ بجلی کی چوری کا مکمل خاتمہ کریں اور نادہندگان سے 100% فیصد واجبات کی وصولی کریں۔ کسٹومر کیئر پالیسی کے تحت تمام صارفین کی جملہ شکایات فوری حل کریں۔ چوکیدارہ سسٹم کے تحت کاروائیاں مزید تیز کریں۔ اچھی کارکردگی پر انعام اور خراب کارکردگی پر سزا دی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی آپریشن سرکل حیدرآباد اور لاڑ کے تمام افسران کو میٹنگ کے دوران ہدایات۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو نے آپریشن سرکل حیدرآباد اور لاڑ کی تمام افسران سے ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے حوالے سے میٹنگ کی اور ان کو ھدایات دیں کہ سب سے پہلے عوام، ہمیں صارفین کی Care کرنے ہے، اسی لیئے کسٹومر کیئر پالیسی کے تحت تمام کسٹومر سروس سینٹروں پر موجود عملہ 24 گھنٹے الرٹ رہتا ہے، اور صارفین کی جملہ جائز شکایات کا شکایات رجسٹر میں فوری اندراج کرے ان کو مقررہ مدت میں حل کرائیں، تاکہ حیسکو کی نیک نامی۔ حیسکو کے تمام ملازمین پر لازم ہے کہ وہ بجلی کی چوری کا مکمل خاتمہ کریں اور نادہندگان سے 100% فیصد واجبات کے علاوہ موجود بجلی کے بل بھی جمع کروائے جائیں، چوکیدارہ سسٹم کے تحت کاروائیاں مزید تیز کریں۔ اچھی کارکردگی پر انعام اور خراب کارکردگی پر سزا دی جائے گی۔ میٹنگ میں جنرل مینجر ٹیکنیکل گل منیر سرھیو، چیف انجینئر آپریشن عبدالرحیم سومرو، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان۔ ریجنل مینجر ایم اینڈ ٹی ریاض احمد پٹھان، ڈائریکٹر ایس اینڈ آئی اعجاز احمد شیخ، ڈائریکٹر کمپیوٹر نادر علی خشک، مینجر مٹیریل مینجمنٹ روشن علی اوٹھو، ڈپٹی ڈائریکٹر سیفٹی مشتاق احمد دایو، S.E حیدرآباد سرکل نثار احمد میمن، S.E لاڑ سرکل عبدالغفور شیخ، تمام XENs۔ DCMs۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل۔ ریونیو افسران۔ SDOs اور ترجمان حیسکو محمد صادق کُبر موجود تھے۔

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی آپریشن سرکل حیدر آباد اور لاڑ کے تمام افسران سے میٹنگ